موت العالم موت العالم

شیخ الحدیث مولانا محمد یحییٰ گوندلوی کا سانحہ ارتحال

مرکزی جمعیت اہل حدیث تحصیل سمبڑیال (ضلع سیالکوٹ) کے امیر جامعہ ساہووالہ کے شیخ الحدیث اور کتب کثیرہ کے مصنف، مناظر اسلام حضرت مولانا محمد یحییٰ گوندلوی مور[illegible] جنوری بروز سوموار مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نے پوری زندگی دین اسلام کی نشر و اشاعت میں گزاری، بہت سے علماء کرام سے استفادہ کیا آپ بیک وقت اچھے مدرس، مدبر، مفکر، مفسر اور بہترین خطیب تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ سے خدمتِ حدیث کا بہت بڑا کام لیا۔ ترمذی شریف کی شرح کا بہت بڑا کارنامہ سرانجام دیا۔

رئیس الجامعہ نے گوندلانوالہ میں ان کے بھائی قاری ابوسفیان گوندلوی سے تعزیت اور مرحوم کے بچوں کی خیریت دریافت کی۔ یاد رہے کہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید مولانا مرحوم کے کلاس فیلو تھے ان کے ساتھ جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ میں پڑھتے رہے۔

شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالستار حسن کا سانحہ ارتحال

مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع لیہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالستار حسن مورخہ 19 جنوری بروز سوموار دار فانی سے کوچ کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا مرحوم خوش اخلاق طبیعت کے مالک تھے۔ کوٹ ادو میں تدریس کے فرائض انجام دے رہے تھے۔ آپ کے صاحبزادے مولانا عبدالغفار اور بھانجے مولانا سعید اطہر اور مولانا عبدالحفیظ جامعہ سلفیہ سے تعلیم یافتہ ہیں اور آپ کا بہترین صدقہ جاریہ ہیں۔ لیہ میں آپ کی نماز جنازہ پروفیسر سعید مجتبیٰ سعیدی صاحب نے پڑھائی۔

حافظ فیاض احمد فیاض (لاہور) کا سانحہ ارتحال

جماعت کے نامور قاری، محب قرآن حافظ فیاض احمد فیاض زرگر ہارٹ اٹیک کے باعث 24 جنوری بروز ہفتہ انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ حافظ صاحب بڑے ہی ملنسار، مہمان نواز، خوش اخلاق ہونے کے ساتھ ساتھ صوم وصلوۃ بالخصوص قیام اللیل کے پابند تھے۔ حافظ صاحب پورے ملک میں محب قرآن کے نام سے پہچانے جاتے تھے، ملک بھر کے مدارس میں شعبہ حفظ کا امتحان لینے کیلئے جاتے نیز عرصہ دراز سے حافظ صاحب مرحوم جامعہ علوم اثریہ کے شعبہ حفظ کے مستقل ممتحن تھے۔ استاذ القراء قاری محمد ادریس عاصم صاحب کے ساتھ ہمیشہ امتحان کیلئے آتے تھے اور طلبہ کو انعامات بھی دیا کرتے تھے۔

رئیس الجامعہ نے لاہور میں ان کے صاحبزادے محمد عمر اور ابوبکر سے تعزیت کی اور مرحوم کی بلندی درجات کی دعا کی۔

مولانا عبدالرحمٰن (باغ آزاد کشمیر) کا سانحہ ارتحال

مرکزی جمعیت اہل حدیث آزاد کشمیر کے بزرگ عالم دین حضرت مولانا عبدالرحمٰن مختصر علالت کے بعد مورخہ 21 جنوری بروز بدھ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نماز جنازہ مرکز اہل حدیث G-6 اسلام آباد میں امیر محترم سینیٹر پروفیسر ساجد میر صاحب نے پڑھائی۔ مولانا مرحوم علامہ عبدالعزیز حنیف (سابق ناظم اعلیٰ مرکزیہ) کے سسر تھے۔

مولانا عبیدالسلام سرگودھا کی رحلت

جماعت کے معروف عالم دین مولانا عبیدالسلام 4 جنوری بروز اتوار وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مولانا محمد صدیق محدث سرگودھا کے فرزند ارجمند تھے۔ مرحوم کالج میں پروفیسر تھے۔ آبائی مدرسہ کے منتظم و مدرس بھی تھے۔

قاری محمد زکریا رحمانی کا انتقال پرملال

قاری محمد زکریا رحمانی جھوک دادو طور تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد (حال مقیم: شوکت کالونی بیگم کوٹ شاہدرہ لاہور) 29 جنوری کی شب مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ جھوک دادو میں ادا کی گئی۔

مذکورہ بالا علماء کرام و شیوخ الحدیث کی غائبانہ نماز جنازہ جامعہ علوم اثریہ میں مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ نے پڑھائی۔